## بقیہ 1

کنٹرول روم قائم ہوگا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پراجیکٹس کی تکمیل اور عوامی مسائل کے حل کی براہ راست نگرانی کا حکم دیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خود پنجاب ڈویلپمنٹ پلان کی براہِ راست مانیٹرنگ سنبھال لی ہے۔گوجرانوالہ کی تاریخ کا سب سے بڑا ترقیاتی پیکج مل گیا۔ہر گلی، محلے تک ترقی کے ثمرات پہنچانے کے لئے 42 ارب 62 کروڑ کا تاریخی پنجاب ڈویلپمنٹ پلان دیا گیا ہے۔گوجرانوالہ شہر میں 131 کلومیٹر سیوریج اور 2 کلومیٹر ڈرینج لائن بچھائی جائے گی۔گوجرانوالہ میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ اور 16 مشینری یونٹ بھی مہیا کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرِ صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب ڈویلپمنٹ پلان کے ہر منصوبے میں شفافیت اور بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ملتان، ڈیرہ غازی خان، بھکر، وہاڑی، وزیرآباد، گوجرانوالہ، شیخوپورہ اور قصور کے ڈپٹی کمشنرز نے بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنرز نے پنجاب ڈویلپمنٹ پلان کی پیشرفت کے بارے میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو براہِ راست رپورٹس پیش کیں۔پنجاب کے 51 شہروں میں 5887 کلومیٹر طویل سیوریج اور 181 ڈرینج لائنیں تعمیر کی جائیں گی۔آمدورفت میں آسانی یقینی بنانے کے لئے ''مریم نواز کا سوہنا پنجاب'' کے تحت 100 کلومیٹر طویل سڑکیں اور گلیاں پختہ کی جائیں گی۔ہر محلہ، ہر گلی میں ''مریم نواز کا سوہنا پنجاب'' کے تحت 100 کلومیٹر سڑکیں اور گلیاں بنائی جائیں گی۔اجلاس کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ''مریم نواز کا سوہنا پنجاب'' کے تحت 100 کلومیٹر طویل [illegible]

[illegible]

## بقیہ 58

[illegible] سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

## پاکستان کی بورڈ آف پیس میں شمولیت سے وقار اور اہمیت میں اضافہ ہوا ہے، فرح ناز اکبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر و رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ و قومی ورثہ فرح ناز اکبر نے کہا ہے کہ پاکستان کی بورڈ آف پیس میں شمولیت نے جہاں پاکستان کے وقار اور اہمیت میں اضافہ کیا ہے وہیں ایک گروہ اس پر بھی یہ پروپیگنڈا کر رہا ہے کہ پاکستان اسرائیل کو تسلیم کرنے جا رہا ہے، لٹریسی لیول تو کم ہے ہی ہمارا لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ حقائق جاننے سے پہلے کانوں کے کچے ایسی افواہوں پر کان دھر کر اپنا ہی وقت ضائع کر رہے ہیں، ایسا نہ ہو رہا ہے اور نہ آنے والا وقت میں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ بورڈ آف پیس اپنے نام سے ہی واضح ہے کہ اس بورڈ کے بینر تلے شامل ہونے والے ممالک امن قائم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے جس میں سب سے پہلا ہدف غزہ ہے، اس بورڈ میں شریک ممالک غزہ میں بحالی اور رفاحی امور میں اپنا کردار ادا کریں گے، اس بورڈ میں پاکستان سمیت آٹھ مسلم ممالک شامل ہو چکے ہیں جن میں ترکیہ، سعودی عرب، مصر، اردن، امارات، انڈونیشیا اور قطر سرفہرست ہیں جبکہ مجموعی طور پر 19 ممالک اس بورڈ کا حصہ بن چکے ہیں اور ہمارے لئے یہ بات قابل فخر ہے کہ پاکستان اہل غزہ کے زخموں پر مرہم رکھنے کا کام سرانجام دینے جا رہا ہے۔مسلم لیگی رہنما فرح ناز اکبر نے کہا کہ بورڈ آف پیس میں پاکستان کی شمولیت پر اس گروہ کی طرح بھارت کا ردعمل بھی توجہ سے ہٹ کر نہیں، بھارتی فوج کے سربراہ نے ایک تقریر میں کہا کہ ہم بورڈ آف پیس میں پاکستان کی شمولیت کے سخت مخالف ہیں کیونکہ یہ بورڈ غزہ اور حماس کا ساتھ دے گا اور ہمیں لگتا ہے کہ پاکستان مستقبل میں بورڈ کو مسئلہ کشمیر پر اپنے موقف جائز ثابت کرنے کیلئے استعمال کرے گا جبکہ امن بورڈ میں عالمی ماہرین بھی اس بات کو تسلیم کر رہے ہیں کہ امن بورڈ میں پاکستان کی شمولیت اس کی سفارتی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے اور مستقبل میں پاکستان اس بورڈ کے بینر تلے مسئلہ کشمیر پر بھی آواز بلند کرے گا یہی وجہ ہے کہ اس بورڈ میں پاکستان کی شرکت کا تذکرہ زبان زد عام ہے، سوال یہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر اس بورڈ میں شمولیت کا مطلب اسرائیل کو آنے والے دنوں میں قبول کرنا ہے تو اس بورڈ کی تشکیل پر فلسطین سب سے زیادہ خوش کیوں ہے؟

[illegible]

